سوال

چھوٹی ہوء ی نمازوں کی قضاء السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مجھ سے بہت ساری نمازیں قضا ہوئی ہیں، جوادا کرنا بہت مشکل ہوگئی ہیں، اگرمیں آئندہ توبہ کرکے نمازیں پڑھنا شروع کردوں توکیا پچھلی نمازیں معاف ہوجائیں گی؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جان بوجھ کر نماز چھوڑنا بہت بڑا گناہ اور جرم عظیم ہے، بعض اہل علم توایسے شخص کی تکفیر کا فتویٰ دیتے ہیں۔ ایسے شخص پر توبہ کرنا لازم ہے کہ وہ اپنی چھوٹی ہوئی نمازوں کی اللہ سے اخلاص کے ساتھ پکی اور سچی توبہ کرے۔ اور آئندہ ایسا نہ کرنے کا عزم کرے۔ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے نزدیک جان بوجھ کر چھوڑی ہوئی نماز کی قضا مشروع نہیں ہے، بلکہ اس پر توبہ فرض ہے۔ شیخ صالح العثمین رحمہ اللہ نے بھی اسی موقف کو ترجیح دی ہے۔ اگر آپ مخلصانہ سچی توبہ کرکے آئندہ نمازیں پڑھنا شروع کردیتے ہیں تو اللہ سے امید ہے کہ وہ سابقہ گناہ کو معاف فرما دے گا۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ